محکمہ انتظامیہ، خیبر پختونخوا

سوال نمبر: 15216

منجاب: جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ صاحب، رُکن صوبائی اسمبلی

سوال	جواب
کیا وزیر برائے انتظامیہ ارشاد فرمائیں گے کہ	
(الف) شاہی مہمان خانہ سول آفیسر میس اور محکمہ کے زیر نگرانی ریسٹ ہاؤسز میں فی الوقت ملازمین کی تعداد کتنی ہیں؟ اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔	**شاہی مہمان خانہ** شاہی مہمان خانہ میں موجودہ وقت میں مختلف نوعیت کے مختلف گریڈ کے ملازمین تعینات ہیں جس کی کل تعداد 26ہے جن میں سے 16 محکمہ انتظامیہ کا عملہ ہے جبکہ بقایا10 ملازمین محکمہ مواصلات و تعمیرات سے تعینات ہیں۔ **سول آفیسرز میس** سول آفیسرز میس میں موجودہ وقت میں مختلف نوعیت کے مختلف گریڈ کے ملازمین کام کر رہے ہیں جس کی تعداد 38جو کہ محکمہ انتظامیہ کا عملہ ہے۔
(ب) مذکورہ ہاؤسز کی سالانہ آمدنی کتنی ہیں؟ اس کی تفصیل سال 2017ء لیکر 2019ء تک دی جائے نیز یہ بھی بتایا جائے کہ مذکورہ ہاؤسز میں کمروں کی الاٹمنٹ مستقل بنیادوں پر کی جاتی ہے؟	**شاہی مہمان خانہ** شاہی مہمان خانہ کی سالانہ آمدن مالی سال کے حساب سے درج ذیل ہیں: (1)۔ آمدنی جولائی 2016ء تا جون 2017ء -/1,297,900 روپے (2)۔ آمدنی جولائی 2017ء تا جون 2018ء -/1,838,245 روپے (3)۔ آمدنی جولائی 2018ء تا جون 2019ء -/1,973,047 روپے نیز مذکورہ شاہی مہمان خانہ میں کمروں کی رہائش دو قسم کی ہوتی ہے جس میں اول Transitional Basis پر APUGs آفیسرز سکیل 17 تا بالا کے آفیسرز اور PCS صرف گریڈ 20 اور بالا کے آفسران کو تین ماہ قابل توسیع کمرے دیئے جاتے ہیں۔ مزید بر آں شاہی مہمان خانہ میں عارضی طور پر یومیہ سرکاری اہلکاران، عوامی نمائندہ گان وغیرہ کے لئے بھی Reservation کی جاتی ہے۔ **سول آفیسرز میس** سول آفیسرز میس کی سالانہ آمدن سال کے حساب سے درج ذیل ہے: (1)۔ آمدنی جولائی 2016ء تا جون 2017ء -/4,553,100 روپے (2)۔ آمدنی جولائی 2017ء تا جون 2018ء -/4,816,910 روپے (3)۔ آمدنی جولائی 2018ء تا جون 2019ء -/4,382,810 روپے سول آفیسرز میس میں کمروں کی الاٹمنٹ مستقل بنیادوں پر نہیں ہوتی بلکہ اس میں رہائش باقاعدہ Reservation کے ذریعے ہوتی ہے۔